رہبر معظم کا حجت الاسلام موحدي کرماني کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 11 /Apr/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے خطیب گرامی ابو الشہید مرحوم حجت الاسلام آقای حاج شیخ محمد حسین موحدي کرماني کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خطیب گرامی ابو الشہید مرحوم حجت الاسلام آقای حاج شیخ محمد حسین موحدي کرماني کی رحلت پر کرمان کے مؤمن اور عزیز عوام ، مرحوم کے پسماندگان ، ارادتمندوں بالخصوص مرحوم کےفرزندوں اور بھائیوں کو تعزیت پیش کرتا ہوں مرحوم نے اپنی بابرکت عمر کو اسلام کی تبلیغ اورترویج میں بسر کیا ، انقلاب کے گوناگوں میدانوں میں سرگرم عمل رہے اور انقلاب اسلامی کی خاطر اپنے عزیز اور لائق فرزند کو پیش کیا۔

خداوند متعال کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

22/فروردین/ 1388